# آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

## نوٹیفکیشن

جملہ سربراہان ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تعلیمی سیشن 2018-20 کیلئے انٹرمیڈیٹ سال اول کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے حسب ذیل شیڈول جاری کیا جاتا ہے۔

| | فیس | آن لائن رجسٹریشن کیلئے کوائف کا اندراج اور بینک میں فیس جمع کروانے کی تواریخ | آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی مع بورڈ چالان کی بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | 1500/- روپے فی امیدوار | 01-09-2018 تا 01-10-2018 | 18-10-2018 |
| دوسرا مرحلہ | 2500/- روپے فی امیدوار | 02-10-2018 تا 17-10-2018 | 25-10-2018 |
| تیسرا مرحلہ | 3500/- روپے فی امیدوار | 18-10-2018 تا 01-11-2018 | 07-11-2018 |

## 1۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل اور ضروری ہدایات۔

(i) ہر ادارہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی ویب سائٹ www.ajkbise.edu.pk پر آن لائن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ اپنے ویب اکاؤنٹ کے ذریعے مرتب کرے گا۔

(ii) بورڈ کی ویب سائٹ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ڈیٹا انٹری کیلئے 01-09-2018 تا 01-11-2018 کھلی رہے گی۔ شیڈول سے ہٹ کر داخلہ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن سے متعلق کتابچہ جس میں تمام معلومات اور ہدایات درج ہیں، ویب سائٹ پر موجود ہے۔

(iv) تمام گروپس اور اختیاری مضامین کی تفصیل ایک علیحدہ صفحہ پر لف ہذا ہے۔

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن مرتب کرنے سے پہلے ادارہ کے تمام طلباء/طالبات جو کہ رجسٹر کرنے مطلوب ہیں، کے درج ذیل کوائف ادارہ کے پاس ہونے ضروری ہیں۔

**(ا) امیدوار کی نیلے رنگ کے بیک گراونڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر (ب) "ب" فارم یا شناختی کارڈ (ج) میٹرک کا رزلٹ کارڈ/سند**

(vi) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ لے کر درج تمام کوائف اچھی طرح چیک کر لیں۔ رجسٹریشن ریٹرن میں درج کوائف میں غلطی/تضاد/چھوٹ (Omission) کی درستی/تکمیل کیلئے -/500 روپے فی غلطی، تضاد/چھوٹ فیس وصول کی جائے گی۔ موبائل سے لی گئی تصویر، ٹوپی، عینک، نقاب والی تصویر، غلط سکین شدہ تصویر یا تصویر بالکل نہ ہونے کی صورت میں تصویر کی درستی کیلئے -/100 روپے فی تصویر فیس وصول کی جائے گی۔

(vii) سربراہ ادارہ آن لائن رجسٹریشن کے پرنٹ کے ہر صفحہ پر اپنے دستخط اور مہر ثبت کریں۔

(viii) کالج میں داخلہ دینے سے پہلے سند/رزلٹ کارڈ کی گزٹ سے پڑتال کر لیں تا کہ کوئی امیدوار جعلی/بوگس سند/رزلٹ کارڈ پر داخلہ نہ لے سکے۔ بوگس سند/رزلٹ کارڈ پر داخلہ دینے والا ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔

(xi) بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارے تجدیدی حکومتی منظوری برائے الحاق کی مصدقہ نقل رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔

(x) امتحان ثانوی 2018ء سے قبل پاس ہونے والے امیدواران سے اس امر کا بیان حلفی لے کر ارسال کیا جائے کہ انہوں نے قبل ازیں کسی بھی ادارہ میں داخلہ نہیں لیا اور پرائیویٹ طور پر شامل امتحان نہیں ہوئے۔ یا امتحان ثانوی پاس کرنے کے بعد آزاد کشمیر تعلیمی بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر رجسٹریشن کیلئے رجوع نہیں کیا۔ بیان حلفی غلط ثابت ہونے پر تحت قواعد کارروائی کی صورت میں بورڈ کے ہر فیصلہ کے پابند ہونگے اور کسی عدالت سے رجوع نہیں کریں گے۔ غلط بیان حلفی دینے پر مبلغ -/5000 روپے تک جرمانہ/رجسٹریشن کی منسوخی/ریٹرن مسترد کیے جانے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(xi) رجسٹریشن فیس متذکرہ بالا شیڈول کے مطابق حبیب بینک میں جمع کروا کر آن لائن فیس چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہمراہ رزلٹ کارڈز/اسناد کی مصدقہ نقول بمطابق شیڈول دفتر بورڈ پہنچائی جائیں۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ یا فیس چالان یا دونوں تاخیر سے موصول ہونے پر پہلے ماہ مبلغ -/1,500 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/200 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

(xii) اگر کوئی رجسٹرڈ ادارہ کسی دوسرے غیر رجسٹرڈ اداروں کے طلباء/طالبات کو اپنے طالب علم ظاہر کر کے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے جرم کا مرتکب پایا گیا تو اس ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ یا ادارہ کو مبلغ -/30,000 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ اور غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء کی جمع شدہ رجسٹریشن فیس بھی بحق بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

(xiii) اگر کوئی ادارہ طلباء و طالبات کی ڈبل رجسٹریشن کروائے گا/کروانے کی کوشش کرے گا تو فی طالب علم مبلغ ایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک جرمانہ/متعلقہ امتحان منسوخ کرنے کے علاوہ ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

(xiv) دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے والے طلباء/طالبات کا اصل NOC اور میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ ارسال کریں۔

2۔ **فیس** رجسٹریشن و سپورٹس فیس -/1000 روپے + سند فیس -/200 روپے + پروسیسنگ فیس -/300 روپے کل مبلغ -/1500 روپے فی طالب علم وصول کی جائے گی۔ ریٹرن میں درج تعداد طلباء/طالبات کے مطابق رجسٹریشن فیس ارسال کی جائے۔

## 3۔ ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار اور جرمانہ کی ادائیگی۔

(i) آن لائن ریٹرن مرتب کرتے وقت رجسٹریشن بیچ (Batch) میں کسی قسم کی تبدیلی/درستی جو کہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے بعد مذکورہ شیڈول کے اندر ممکن ہوگی۔ اس کی جرمانہ فیس مبلغ -/1000 روپے فی بیچ (Batch) وصول کی جائے گی۔

(ii) نام اور ولدیت کی درستی بورڈ ہذا سے پرانے طریقہ کار کے تحت ہی ہوگی۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہر صورت بورڈ کو ارسال کیا جائے۔ نیز انٹرمیڈیٹ رجسٹریشن کے حوالہ سے فیس/جرمانہ جات آن لائن پرنٹ شدہ چالان پر ہی حبیب بینک کی برانچز میں جمع کروائیں، چیک، بینک ڈرافٹ اور مینول چالان قبول نہیں ہوں گے۔ نیز سربراہ ادارہ اولین مرتب شدہ اور درست شدہ آن لائن ریٹرن کے ساتھ جمع شدہ فیس کا چالان اور اپنے ادارہ کے کورنگ (Covering) لیٹر کے ساتھ ارسال کریں۔

## 4- دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) کی شرائط۔

(i) ری ایڈمیشن فیس -/1000 روپے اور تبدیلی گروپ کی صورت میں تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/2000 روپے کل مبلغ -/3000 روپے بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر اصل چالان ارسال کریں۔

(ii) اگر کوئی طالب علم گیارہویں جماعت میں نامساعد حالات کی وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو، اور نہ ہی اسے رول نمبر کا اجراء ہوا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو اگلے ہی تعلیمی سیشن کے شیڈول داخلہ کے تحت دوبارہ داخلہ دیا جا کر ری ایڈمیشن فیس مبلغ/ 1000 روپے کے اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان/رسید کے ہمراہ الگ سے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کی جائے۔

(iii) اگر ایک ریگولر امیدوار گیارہویں جماعت کے امتحان میں غیر حاضر ہو یا ایک مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں تو وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز تک اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن فیس -/1000 روپے بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کا اہل ہے۔ اس کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔ سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں۔ تاہم پاس امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کیلئے نتیجہ کی اشاعت کے 30 دن کے اندر اپنا نتیجہ منسوخ کروا کر -/1000 روپے ری ایڈمیشن فیس بورڈ کو ادا کر کے اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے دوبارہ داخلہ حاصل کر سکتے ہیں، ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال

(جاری بر صفحہ نمبر 2)

رہے گی ۔سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں ۔امیدواران نتیجہ کی منسوخی کیلئے فیس -/1000 روپے ادا کریں گے اور اسٹامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اوّل دیں گے کہ وہ کسی مرحلہ پر پوزیشن/انعام کے حقدار نہیں ہوں گے ۔پوزیشن کے حقدار صرف وہ امیدواران ہوں گے جنہوں نے ادارہ میں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ہوگا۔

(iv) اگر ایک پرائیویٹ امیدوار گیارہویں جماعت کے امتحان میں فیل رغیر حاضر رایک مضمون رمضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں، وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز تک اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن فیس -/1000 روپے بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کا اہل ہے اور سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں یا وہ پرائیویٹ امیدواران کے طور پر آئندہ گیارہویں جماعت کے امتحان میں دوبارہ شامل ہو سکتے ہیں ۔ہر دو صورتوں میں ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔

(v) ایک پرائیویٹ امیدوار جو گیارہویں جماعت کا امتحان پاس کر چکا ہے، وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز کے اندر -/1000 روپے فیس بورڈ کو ادا کر کے اپنا نتیجہ منسوخ کروائے گا۔نتیجہ کی منسوخی کے بعد وہ کسی بھی ادارہ میں 15 دن کے اندر ری ایڈمیشن فیس -/1000 روپے بورڈ میں ادا کر کے ری ایڈمیشن حاصل کر سکتا ہے ۔سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں یا آئندہ گیارہویں جماعت کے امتحان میں وہ پرائیویٹ امیدواران کی حیثیت سے دوبارہ شامل امتحان ہو سکتے ہیں ۔ہر دو صورتوں میں ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔

(vi) امیدواران نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی بورڈ کاپی BOARD's COPY اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر میعاد ارسال کریں اور سربراہ ادارہ بورڈ کی طرف سے جاری حکم منسوخی نتیجہ کی کاپی ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کو ارسال کریں۔

(vii) تعلیمی سیشن 2017-19 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران ہی دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہیں ۔ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(viii) اگر کوئی امیدوار سال 2017ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے سال 2018ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہو سکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سالانہ 2019ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی ۔

## 5۔ استثنیٰ حاصل کرنے والے امیدواران کا داخلہ/رجسٹریشن ریٹرن کی ترسیل۔

امتحان ثانوی سالانہ 2018ء میں استثنیٰ (Compartment) حاصل کرنے والے امیدواران کو سال اول میں داخلہ کی مشروط اجازت ہوگی ۔تاہم ایسے امیدواران کی آن لائن رجسٹریشن ریٹرن الگ سے مرتب کر کے ہمراہ رزلٹ کارڈز اور رجسٹریشن فیس مشروط طور پر ارسال کی جائے ۔امتحان ثانوی ضمنی 2018ء پاس کر لینے کی صورت میں رجسٹریشن نمبر جاری کیا جائے گا۔فیل امیدواران کی رجسٹریشن فیس ناقابل واپسی ہوگی ۔مشروط طور پر بھیجی گئی رجسٹریشن ریٹرن میں پاس امیدواران کے رزلٹ کارڈز کی مصدقہ نقول نتیجہ کی اشاعت کے بعد اندر 10 ایام بورڈ کو ارسال کی جائیں۔

## 6۔ دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلبہ/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن۔

دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود میں انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد ہجرت کر کے بورڈ ہذا کی علاقائی حدود میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء/طالبات کو سابقہ بورڈ کا جاری کردہ مائیگریشن سرٹیفکیٹ/ این او سی (NOC) اور کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (College Leaving Certificate) پیش کرنے پر داخلہ دیا جائے ۔داخلہ سابقہ کالج چھوڑنے (یعنی کالج لیونگ سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ) کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر داخلہ دیا جائے ۔تاہم دیگر بورڈز سے انٹرمیڈیٹ سال اول کا امتحان دے کر آنے والے امیدواران کے اصل NOC، کالج لیونگ سرٹیفکیٹ اور رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقول ارسال کریں ۔تاخیر کی صورت میں حسب قواعد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## 7۔ اردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر مضمون اختیار کرنے کا معاملہ۔

اردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر کا تحت قواعد وہی امیدواران امتحان دینے کے اہل ہیں جو غیر ملکی شہریت کے حامل ہوں یا پاکستانی شہریت کے حامل ایسے امیدواران جو آخری تین سال مسلسل بیرون ملک رہے ہوں اور انہوں نے میٹرک سطح تک اردو لازمی نہ پڑھا ہو۔ایسے امیدواران کی پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی ریٹرن کے ہمراہ ارسال کی جائیں۔

## 8۔ کالج ٹو کالج مائیگریشن۔

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جا سکتی ہے ۔مائیگریشن فیس کی عام شرح -/1050 روپے اور ارجنٹ فیس -/1550 روپے ہے۔

## 9۔ جی سی ای او (G.C.E.O) پاس کرنے والے امیدواران کا داخلہ۔

ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے جی سی ای او (G.C.E.O) کا سالانہ امتحان 2018ء میں پاس کیا ہو سربراہان ادارہ جات کو چاہیئے کہ ان کا داخلہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اور مارکس شیٹ فراہم کرنے پر ہی کریں ۔اور متذکرہ دستاویزات کی مصدقہ نقول ہمراہ ہارڈ کاپی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کو ارسال کریں۔

## 10۔ مضامین/ گروپ کی تبدیلی۔

مضامین/گروپ کی تبدیلی مورخہ 15-12-2018 تک فی مضمون فیس -/1000 اور گروپ تبدیلی فیس -/2000 روپے اور امتحان کے آغاز سے 30 ایام قبل تک فی مضمون فیس -/1200 روپے اور گروپ تبدیلی فیس -/2500 روپے حبیب بینک میں بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر اصل بینک چالان کے ہمراہ درخواست ارسال کرنے پر کروائی جا سکتی ہے۔

سیکریٹری

نمبر: بورڈ/رجسٹریشن/11482-12282 مورخہ: 03-08-2018

**نقل بالا بخدمت:**

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفر آباد۔
2- پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب وزیر تعلیم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفر آباد۔
3- جناب سیکرٹری (ہائیر ایجوکیشن/ایلیمنٹری و سیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفر آباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری و سیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ/زنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفر آباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری و سیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/مظفر آباد/پونچھ ڈویژن۔
6- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات آزاد کشمیر کالجز/ہائر سیکنڈری سکولز/ سکولز۔
7- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
8- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/تراڑکھل/مظفر آباد۔
9- سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور/راولپنڈی/گوجرانوالہ/سرگودھا/فیصل آباد/ڈیرہ غازی خان/ملتان/بہاولپور/ساہیوال۔
10- نمائندگان PTV/APP، روزنامہ، نوائے وقت/جنگ/پاکستان/اوصاف/خبریں/انصاف/کائنات/اساس/جناح بغرض اشاعت بطور خبر۔
11- نیوز ایڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفر آباد/تراڑکھل/میرپور۔
12- داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/مسل متعلقہ/نوٹس بورڈ۔